ISSN Online: 2709-7625
ISSN Print: 2709-7617
Vol.7 No.3, 2024

# ڈاکٹر نجم الرشید کے تحقیقی مقالات: تعارف و تجزیہ

# Research Articles of Dr. Najam Ur Rashid : Introduction and Analysis

**نسیم الرحمان**

اسسٹنٹ پروفیسر فارسی، شعبۂ فارسی پنجاب یونیورسٹی لاہور

**Abstract:**
Dr. Najam Ur Rashid is a distinguished Persian critic and researcher from Pakistan, renowned for his contributions to Persian language and literature. He has served as a professor at two of Pakistan's major universities: the University of Baluchistan in Quetta and the University of Punjab in Lahore. In addition to his teaching career, Dr. Rashid has made significant strides in research and criticism within the field of Persian language and literature. His scholarly output includes an extensive collection of books and articles, with over eighty research papers covering various topics related to Persian language and literature. This article introduces his research papers and offers a brief analysis of his contributions to the field.

**Key Words:**

Najam Ur Rashid, Persian Criticism, Subcontinent, Punjab University

ایران اور برصغیر کے فکری مشترکات میں فارسی زبان کا بہت بڑا حصہ ہے۔ فارسی زبان ایران کے ساتھ ساتھ برصغیر سمیت دیگر علاقوں میں گہری شناخت اور روایت رکھتی ہے۔ خصوصاً برصغیر میں فارسی زبان میں لکھے گئے آثار کا بہت بڑا ذخیرہ موجود ہے۔ اس ذخیرے کا ایک اہم حصہ تنقیدی آثار بھی ہیں جو تنقیدی کتابوں اور تذکروں کی شکل میں مختلف لائبریریوں کے دستنویس ذخیروں کا حصہ ہیں۔ پاکستان میں جن فارسی شناسوں نے اس ذخیرے کے تعارف و تذکرہ کی طرف توجہ کی، ان میں ڈاکٹر نجم الرشید کا نام بہت نمایاں ہے۔ ڈاکٹر نجم الرشید پنجاب یونیورسٹی لاہور میں فارسی ادبیات کے استاد تھے۔

ڈاکٹر نجم الرشید یکم اکتوبر 1968ء کو گجرات کے ایک قریبی علاقے ڈنگہ میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد رانا محمد رفعت خان تحصیلدار تھے۔ ان کا خاندان 1947ء میں رائے کوٹ سے ہجرت کر کے آیا اور ڈنگہ میں مقیم ہوا۔ نجم الرشید نے ابتدائی تعلیم اپنے آبائی علاقے میں ہی حاصل کی۔ گورنمنٹ سر سید کالج گجرات سے بی اے کیا اور پھر پنجاب یونیورسٹی لاہور سے فارسی زبان و ادبیات میں ایم اے کیا۔ ایم اے کرنے کے بعد کچھ دیر انھوں نے خانہ فرہنگ جمہوری اسلامی ایران میں مجلہ "دانش" کے معاون مدیر کے طور پر کام کیا۔(1) 1994ء میں بلوچستان یونیورسٹی کوئٹہ میں انھیں فارسی کا لیکچرر مقرر کیا گیا۔ 1996ء میں وہ اعلیٰ تعلیم کے لیے ایران چلے گئے اور تہران یونیورسٹی سے انھوں نے 1998ء میں ایم اے فارسی اور 2000ء میں پی ایچ ڈی فارسی کی ڈگری حاصل کی۔(2) اس دوران وہ فرہنگستان میں برصغیر کے فارسی مطالعات کے شعبہ میں بھی کام کرتے رہے۔ 2001ء میں وہ پنجاب یونیورسٹی لاہور میں فارسی زبان و ادبیات کے لیکچرر مقرر کیے گئے اور چند ماہ بعد انھیں اسسٹنٹ پروفیسر کا عہدہ دے دیا گیا۔ 2004ء میں وہ ایسوسی ایٹ پروفیسر کے عہدے پر فائز ہوئے۔ 2007ء سے 2010ء تک وہ شعبہ فارسی کے مجلہ "سفینہ" کے مدیر رہے۔(3) 2014ء میں وہ پوسٹ ڈاکٹریٹ کے لیے آکسفورڈ یونیورسٹی گئے اور وہاں سے 2015ء میں ڈگری حاصل کی۔ پاکستان واپس آکر وہ بیمار ہو گئے اور چند ماہ سخت علالت کے بعد 5 مئی 2016ء کو لاہور میں وفات پا گئے۔ ان کا جسد خاکی ان کے آبائی گاؤں ڈنگہ میں لے جا کر دفن کیا گیا۔

**آثار:**

ڈاکٹر نجم الرشید کی درج ذیل کتابیں ان کے ادبی انتخاب پر مشتمل ہیں۔ ہر کتاب کے آغاز میں مفصل تعارفی مضمون ہے جو کتاب کی غرض و غایت پر روشنی ڈالتا ہے:

1۔ چشمۂ نور۔ انتخاب رباعیات فارسی (2014ء)۔(4)

2۔ آئینۂ وصفِ جمال۔ انتخاب غزل فارسی از آغاز تا امروز (2015ء)۔(5)

3۔شعر حافظ۔انتخاب دیوان غزلیات حافظ شیرازی(2015ء)۔(6)

ڈاکٹر نجم الرشید کی کچھ کتابیں دوسرے اساتذہ کے اشتراک سے شائع ہوئیں:

4۔مطالعات فارسی در شبہ قارہ(2006ء)

5۔مصدر نامہ،لغت نامہ فارسی(2006ء)

6۔فارسی گفتاری(2007ء)

7۔غنیمت کنجاہی(2009ء)

8۔ تصحیح دیوان یکتا خوشابی(2010ء)۔(7)

9-فہرست توضیحی پایان نامہ ہای گروہ فارسی دانشگاہ پنجاب لاہور

کتابوں کے علاوہ ڈاکٹر نجم الرشید کے تحقیقی اور تنقیدی مقالات پاکستان اور ایران کے مختلف تحقیقی رسالوں میں شائع ہوتے رہے۔

**ڈاکٹر نجم الرشید کے تحقیقی مقالات:**

**الف)تعارف:**

ڈاکٹر نجم الرشید کے تحقیقی مقالات معاصر تحقیقی رسالوں اور کتابوں میں شائع ہوتے رہے۔اب تک ان کے دستیاب مقالات کی تعداد بیاسی(82) ہے۔ان میں چھپن (56)مقالات فارسی زبان میں لکھے گئے ہیں۔چھبیس(26) مقالات اردو زبان میں ہیں۔چار مقالے دوسرے اساتذہ کے اشتراک سے لکھے گئے ہیں جبکہ تین مقالے ترجمہ پر مشتمل ہیں۔کچھ مقالات ایرانی حکومت کے زیر اہتمام چھپنے والے دانشنامہ(انسائیکلوپیڈیا) میں شامل ہیں، جبکہ دیگر مقالات مختلف ایرانی اور پاکستانی مجلات میں چھپے ہوئے ہیں۔ایرانی مجلات میں "نامۂ پارسی"، "کتاب ماہ ادبیات" اور "شبہ قارہ" شامل ہیں جبکہ پاکستان مجلوں میں "اورینٹل کالج میگزین"، "تحقیق"، "سفینہ"، "بازیافت"، "کاوش"، "دانش"، "پیغام آشنا"، "صریر بولان"، "وحدت اسلامی" شامل ہیں۔سال اشاعت کے لحاظ سے ان مقالات کی تفصیل ذیل میں درج کی جاتی ہے:

1989-90ء

- اقبال و نظریۂ عشق، مجلہ وحدت اسلامی، اسلام آباد

1992ء

- استاد خلیل اللہ خلیلی، مجلہ وحدت اسلامی، اسلام آباد

1993ء

- شبیر حسن خان جوش ملیح آبادی، مجلہ دانش، مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان، اسلام آباد، شمارہ32
- فارسی شاعری میں تجسیم، مجلہ قومی زبان، کراچی، شمارہ(74)10
- ڈاکٹر ظہور الدین احمد، وحدت اسلامی، اسلام آباد، شمارہ99
- آداب کلام و خاموشی در کشف المحجوب، مجلہ وحدت اسلامی، اسلام آباد
- اقبال و اشتراکیت، مجلہ وحدت اسلامی، اسلام آباد

1995ء

- صوفی محمد افضل فقیر، مجلہ دانش، مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان، اسلام آباد، شمارہ35
- شعر نو فارسی، مجلہ قومی زبان، کراچی، شمارہ(75)5
- پروین اعتصامی، صریر بولان، شمارہ(1)4

1996ء

- شفیعی کد کنی، بیدل وسبک ہندی، مجلہ پیغام آشنا، اسلام آباد، شمارہ24
- عبد الحسین زرین کوب، مجلہ پیغام آشنا، اسلام آباد، شمارہ25

1997ء

- سید سبط حسن رضوی، مجلہ نامۂ پارسی، فصلنامۂ شورای گسترش زبان وادبیات فارسی، تہران، شمارہ2-4
- شاکر نامہ، مجلہ نامۂ پارسی، فصلنامۂ شورای گسترش زبان وادبیات فارسی، تہران، شمارہ1-2
- عرفی شیرازی، مجلہ دانش، مرکز تحقیقات فارسی ایران وپاکستان، اسلام آباد، شمارہ41
- موسیقی شعر وعروض کے حوالے سے بعض جدید ایرانی رجحانات، مجلہ پیغام آشنا، اسلام آباد، شمارہ29

1998ء

- بیت بازی ونسخہ دستنویس شایق نامہ، مجلہ نامۂ پارسی، فصلنامۂ شورای گسترش زبان وادبیات فارسی، تہران، شمارہ2-3
- زندگی وآثار استاد دکتر انعام الحق کوثر، مجلہ نامۂ پارسی، فصلنامۂ شورای گسترش زبان وادبیات فارسی، تہران، شمارہ2-4

1999ء

- استاد سعید نفیسی وپاکستان، اثر خضر نوشاہی، (فارسی ترجمہ)، مجلہ نامۂ پارسی، فصلنامۂ شورای گسترش زبان وادبیات فارسی، تہران

2000ء

- تذکرہ سرو آزاد۔ مآخذ مہم نقد شعر فارسی، مجلہ نامۂ پارسی، فصلنامۂ شورای گسترش زبان وادبیات فارسی، تہران، شمارہ3-5
- احوال وآثار بدر الدین کشمیری، اثر عارف نوشاہی، (فارسی ترجمہ)، مجلہ نامۂ پارسی، فصلنامۂ شورای گسترش زبان وادبیات فارسی، تہران۔(8)

2001ء

- انیس العاشقین، مجلہ کاوش، شعبۂ فارسی، جی سی یونیورسٹی، لاہور، شمارہ11
- رسالۂ تحقیق السداد فی مزلۃ الآزاد، مجلہ دانش، مرکز تحقیقات فارسی ایران وپاکستان، اسلام آباد، شمارہ64-65
- نگاہی بہ نقد شعر فارسی در شبہ قارہ، اورینٹل کالج میگزین، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، جلد76، عدد1-2

2002ء

- احقاق الحق، دانشنامۂ ادب فارسی، جلد چہارم (ادب فارسی در شبہ قارہ، بخش یکم: آ-چ)، وزارت فرہنگ وارشاد اسلامی، تہران
- رسالۂ تادیب الزندیق فی تکذیب الصدیق، مجلہ دانش، مرکز تحقیقات فارسی ایران وپاکستان، اسلام آباد، شمارہ70-71
- عبرت الغافلین۔ کتابی مہم در نقد شعر فارسی، نامۂ پارسی، فصلنامۂ شورای گسترش زبان وادبیات فارسی، تہران، شمارہ18-1

2003ء

- اشارات نقدی در تذکرۂ مقالات الشعراء، مجلہ نامۂ پارسی، فصلنامۂ شورای گسترش زبان وادبیات فارسی، تہران، شمارہ، شمارہ08-1
- بابانصیب، دانشنامۂ بزرگ اسلامی، مرکز دائرۃ المعارف بزرگ اسلامی، تہران
- سہ رسالہ در نقد ادبی، مجلہ سفینہ، شعبۂ فارسی، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، شمارہ1
- نگاہی بہ موسیقی شعر حافظ شیرازی، مجلہ دانش، مرکز تحقیقات فارسی ایران وپاکستان، اسلام آباد، شمارہ72-73

2004ء

– سیر نقد فارسی در شبہ قارہ، مجلہ کتاب ماہ ادبیات، تہران، شمارہ 77، ص 46-55
– مناظرۂ گل و نرگس، مجلہ سفینہ، شعبۂ فارسی، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، شمارہ 2

2005ء

– احسن اللہ لاہوری، دانشنامۂ زبان و ادب فارسی در شبہ قارہ، فرہنگستان زبان و ادب فارسی، تہران، جلد اول
– احسن بٹالوی، ایضاً
– احسن تربتی، ظفر خان، ایضاً
– احسن گوالیاری، ایضاً
– اصلح میرزا، ایضاً
– تنبیہ الغافلین، مآخذ مہم نقد شعر فارسی، مجلہ سفینہ، شعبۂ فارسی، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، شمارہ 3

2006ء

– محاکمات الشعراء سے متعلق چند معروضات، اورینٹل کالج میگزین، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، جلد 81، عدد 1-2، شمارہ 299-300

2007ء

– تذکرہ خزانۂ عامرہ۔ منابع مہم نقد فارسی، مجلہ دانش، مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان، اسلام آباد، شمارہ 87
– خدمات استاد حسن انوشہ در زمینۂ ادبیات فارسی، مجلہ دانش، مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان، اسلام آباد، شمارہ 89
– تصحیح دیوان نور الہی، باڈاکٹر محمد اقبال شاہد، اورینٹل کالج میگزین، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، جلد 82، عدد 3-4
– تصحیح نسخہ خطی خلدی نامہ، باڈاکٹر محمد صابر، مجلہ سفینہ، شعبۂ فارسی، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، شمارہ 4-5

2008ء

– جام اصفہانی، دانشنامۂ زبان و ادب فارسی در شبہ قارہ، فرہنگستان زبان و ادب فارسی، تہران، جلد دوم
– جام مشہدی، ایضاً
– جمال علی، ایضاً
– جمیل کالپی، ایضاً
– جنید ابن عبد اللہ موسوی، ایضاً
– جودت، مرزا محمد ایوب، ایضاً
– جوہری تبریزی عباس آبادی، ایضاً
– جویا تبریزی، ایضاً
– جیون مل برہمن، ایضاً
– نصف صدی کا قصہ، اثر قمر آریان، (اردو ترجمہ)، مجلہ تحریر، شعبۂ فارسی، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، شمارہ 1
– بیت بازی و تصحیح نسخہ دستنویس خوشدل نامہ، باڈاکٹر محمد صابر، اورینٹل کالج میگزین، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، جلد 83، عدد 3-4

2009ء

– سراج منیر۔ منابع مہم نقد ادبی، مجلہ سفینہ، شعبۂ فارسی، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، شمارہ 7
– تجسیم: غالب کے فارسی اسلوب کی اہم خصوصیت، اورینٹل کالج میگزین، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، جلد 84، عدد 1-2

ISSN Online: 2709-7625
ISSN Print: 2709-7617
Vol.7 No.3, 2024

– ذکر ایران و عجم، غالب کی فارسی شاعری کا اہم پہلو، مجلہ تحقیق، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، شمارہ 77

2010ء

– بررسی وارزیابی تذکرۂ ہمیشہ بہار، مجلہ دانش، مرکز تحقیقات فارسی ایران وپاکستان، اسلام آباد، شمارہ 101
– تذکرۂ مردم دیدہ۔ مآخذ مہم نقد شعر فارسی، مجلہ اورینٹل کالج میگزین، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، شمارہ 85

2011ء

– بررسی عناصر نقد شعر تذکرۂ مراۃ الخیال، مجلہ سفینہ، شعبۂ فارسی، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، شمارہ 9
– شعر بیدل در آینۂ تذکرہ ہا، اورینٹل کالج میگزین، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، جلد 86

2012ء

– مطالعات زبان فارسی وایرانشناسی در دانشگاہ پنجاب، مجلہ دانش، مرکز تحقیقات فارسی ایران وپاکستان، اسلام آباد، شمارہ 106-107
– نگاہی بہ نسخۂ خطی شرح دیوان غنی کشمیری، اورینٹل کالج میگزین، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، جلد 87، عدد 4، شمارہ 326
– ایران میں آرزوشناسی، مجلہ سفینہ، پنجاب یونیوسٹی، لاہور، شمارہ 10

2013ء

– بررسی جنبۂ انتقادی تذکرہ کلمۃ الشعراء، مجلہ دانش، مرکز تحقیقات فارسی ایران وپاکستان، اسلام آباد، شمارہ 110-111
– رودکی شناسی در شبہ قارہ، مجلہ تحقیق، جلد نمبر 92، شمارہ 34
– نسخہ خطی نویافتہ از نقد ادبی رسالۂ امتیاز انداز متاخرین از متقدمین، مجلہ دانش، مرکز تحقیقات فارسی ایران وپاکستان، اسلام آباد، شمارہ 112-113
– نگاہی بہ نسخۂ خطی شرح دیوان ناصر علی سرہندی، سفینہ، شعبۂ فارسی، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، شمارہ 11
– تذکرۂ بے نظیر، طبع تہران (ایران): تعارف و تجزیہ، اورینٹل کالج میگزین، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، شمارہ 328
– تذکرہ مردم دیدہ، مجلہ بازیافت، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، شمارہ 22

2014ء

– بزمیۂ ارجمند بیگ قبول، مجلہ سفینہ، شعبۂ فارسی، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، شمارہ 10
– معرفی و تصحیح دیوان خوشدل، باڈاکٹر محمد صابر، اورینٹل کالج میگزین، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، جلد 89، عدد 3
– مثنوی عیشستان، مجلہ شبہ قارہ (ویژہ نامہ نامۂ فرہنگستان)، تہران، شمارہ 2
– مثنوی یوسف کشمیری، اورینٹل کالج میگزین، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، جلد 81، عدد 1

درج ذیل عنوانات کے تحت مقالات کا ذکر نجم الرشید نے دانشنامہ میں شامل اپنے مقالہ میں کیا ہے۔ یہ اردو زبان میں لکھے گئے ہیں مگر ان کی تفصیل نہیں مل سکی:
اقبال و تہذیب مغرب، اقبال و نژاد نو، انسان کامل در نظر اقبال، امیر کبیر سید علی ہمدانی، خوشحال خان خٹک کی فارسی شاعری، عظمت فن خطاطی اسلامی، میر انیس، نبی کریم ﷺ۔(9)

**ب) تجزیہ:**

ڈاکٹر نجم الرشید کے مقالات کو موضوعات کے لحاظ سے پانچ حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے:

**اول) برصغیر میں نقد ادبی:**

نجم الرشید نے اپنے مقالات میں برصغیر میں لکھی گئی فارسی زبان کی تنقیدی کتابوں کو توجہ کا مرکز بنایا ہے جن میں خان آرزو کی کتابیں سرفہرست ہیں۔ سراج الدین علی خان آرزو برصغیر میں فارسی زبان کے سب سے بڑے نقاد تسلیم کیے جاتے ہیں۔ انھوں نے برصغیر میں شعر کی تنقیدی روایت کو پروان چڑھایا۔ ان کی کتابیں، "داد سخن"،

ISSN Online: 2709-7625
ISSN Print: 2709-7617
Vol.7 No.3, 2024

"سراج منیر" اور "تنبیہ الغافلین" فارسی تنقید کی بہترین کتابیں شمار کی جاتی ہیں۔ نجم الرشید نے ان سب کتابوں پر مقالات لکھے اور ان کتابوں کی تنقیدی اہمیت وارزش کو مفصل انداز میں واضح کیا۔ نجم الرشید نے آرزو کے علاوہ دیگر نقادوں کے آثار کو بھی اپنی توجہ کا مرکز بنایا اور ان پر بھی تعارفی اور تجزیاتی مضمون لکھے۔ ان کتابوں میں "محاکمۃ الشعراء"، "رسالۂ تادیب الزندیق فی تکذیب الصدیق"، "رسالۂ تحقیق السداد فی مزلۃ الآزاد" اور "احقاق الحق" وغیرہ شامل ہیں۔ اس کے علاوہ نجم الرشید نے برصغیر میں نقد ادبی کے جائزے پر بھی مقالات لکھے۔ یہاں نمونے کے طور پر ایک مقالے کے عنوانات درج کیے جاتے ہیں جس سے نجم الرشید کی تحقیقی جہت اور گہرائی کا اندازہ ہو گا۔ ڈاکٹر نجم الرشید کا یہ مقالہ "سراج منیر: مآخذ مہم نقد ادبی" کے عنوان سے 2009ء میں شعبہ فارسی پنجاب یونیورسٹی لاہور کے مجلہ "سفینہ" کے شمارہ 7 میں شائع ہوا۔ 27 صفحات پر مشتمل اس مقالے کے عنوانات کی ترتیب حسب ذیل ہے:

- تعارف
- نظری اجمالی دربارۂ موضوعات کتاب
- اول: عناصر نقد شعر فارسی:

۔نقد زبان:

الف۔ واژگان و ترکیبات: 1) اطلاق و حمل الفاظ، 2) تناسب و مراعات شعری

ب۔ نقد موسیقی ج۔ صرف و نحو د۔ زمینہ ہای معنایی

2۔ نقد بلاغی:

الف۔ تشبیہ ب۔ کنایہ

ج۔ تشخیص د۔ مبالغہ / اغراق

3۔ رابطۂ صورت و معنی:

الف۔ ناسازگاری میان معانی مصراع ہا ب۔ ناہم آہنگی میان صورت و معنی

4۔ تقابل سبک ہا

- دوم: ارزیابی کتاب (10)

جیسا کہ مقالے کے عنوانات سے ظاہر ہے، نجم الرشید نے اس مقالے میں تنقیدی مطالب کو دو حصوں میں تقسیم کیا ہے۔ پہلے حصے "عناصر نقد شعر فارسی" میں چار مختلف جہات میں سراج منیر کے عملی تنقیدی نمونے پیش کیے گئے ہیں اور دوسرے حصہ "ارزیابی کتاب" میں سراج منیر کی تنقیدی اہمیت بیان کی گئی ہے۔

**دوم) تذکرہ شناسی:**

برصغیر میں تذکرہ نویسی کی بھرپور روایت موجود ہے اور ان تذکروں میں شعراء اور ادباء پر تنقید اور رائے دہی کے وسیع نمونے موجود ہیں۔ نجم الرشید نے ان فارسی تذکروں کو بھی اپنی تحقیق و تنقید کا مرکز بنایا اور فارسی زبان کے معروف تذکروں پر تعارفی، توضیحی اور تنقیدی مضمون لکھے۔ ان تذکروں میں "تذکرۂ بینظیر"، "تذکرہ مردم دیدہ"، "ہمیشہ بہار"، غلام علی آزاد بلگرامی کا "خزانۂ عامرہ" اور "سرو آزاد"، علی شیر خان لودھی کا "مرآۃ الخیال"، سرخوش کا "کلمۃ الشعراء"، رتن سنگھ زخمی کا "انیس العاشقین" اور مرزا محمد رفیع سودا کا "عبرت الغافلین" شامل ہیں۔

**سوم) سوانحی اور تعارفی مقالات:**

نجم الرشید نے فارسی ادبیات کی اہم شخصیات پر تعارفی مقالات لکھے اور معروف شخصیات کے ساتھ ساتھ بعض غیر معروف مگر اہم شخصیات کا تعارف بھی کروایا۔ ان شخصیات میں احسن اللہ لاہوری، احسن بٹالوی، احسن تربتی، احسن گوالیاری، اصلح میرزا، انعام الحق کوثر، بابانصیب کشمیری، بدرالدین کشمیری، پروین اعتصامی، جام اصفہانی، جام مشہدی، جمال علی، جمیل کالپی، جنید ابن عبداللہ موسوی، مرزا محمد ایوب جودت، جوش ملیح آبادی، جوہری تبریزی، جویا تبریزی، جیون مل برہمن، حسن انوشہ، خلیل اللہ

خلیلی، خوشحال خاں خٹک، سعید نفیسی، سید سبط حسن رضوی، عبدالحسین زرین کوب، عرفی شیرازی، ظہور الدین احمد، صوفی محمد افضل فقیر شامل ہیں۔ شخصیات پر لکھے گئے مقالات میں نجم الرشید نے تفصیل کی بجائے اجمال کو مد نظر رکھا ہے اور جامع مگر مختصر انداز میں ہر شخصیت کے احوال و آثار کا تعارف کروایا ہے۔

**چہارم) احیائے متون:**

نجم الرشید نے فارسی زبان کے بعض متون کا تعارف اور تصحیح کی ہے۔ ان کا یہ کام دو جہتیں رکھتا ہے۔

الف) نجم الرشید نے فارسی نظم و نثر کی ان کتابوں پر تعارفی مضمون لکھے جو خطی نسخوں کی شکل میں لائبریریوں میں محفوظ تھیں اور لوگوں کے نظروں سے او جھل تھیں۔ ان کتابوں میں "دیوان خوشدل"، "مثنوی یوسف کشمیری"، "دیوان ناصر علی سرہندی"، "شرح دیوان غنی کشمیری" وغیرہ شامل ہیں۔ نجم الرشید نے ڈاکٹر محمد صابر اور ڈاکٹر محمد اقبال شاہد کے ساتھ مل کر جو مقالات لکھے وہ بھی اسی تعارف و تصحیح پر مشتمل ہیں۔

ب) نجم الرشید نے اپنے مقالات میں فارسی زبان میں لکھے گئے نظم و نثر کے بعض مختصر مجموعوں کو مصنف کے تعارف کے ساتھ تصحیح و ترتیب سے پیش کیا ہے۔ ایسے مجموعوں میں منیر لاہوری کا "مناظرۂ گل و نرگس"، مثنوی عیشستان، "شایق نامہ"، "شاکر نامہ" وغیرہ شامل ہیں۔

**پنجم) متفرق مقالات:**

تین مقالات نجم الرشید نے کلاسیکی فارسی شعراء پر لکھے ہیں۔ ان میں "رودکی شناسی در شبہ قارہ"، "نگاہی بہ موسیقی شعر حافظ شیرازی" اور "شعر بیدل در آینۂ تذکرہ ہا" شامل ہیں۔ کچھ مقالات نجم الرشید نے متفرق فارسی موضوعات پر لکھے ہیں جیسا کہ "موسیقی شعر و عروض کے حوالے سے بعض جدید ایرانی رجحانات"، "فارسی شاعری میں تجسیم"، "شعر نو فارسی"، "آداب کلام و خاموشی در کشف المحجوب"۔ نجم الرشید نے جدید موضوعات اقبالیات اور غالبیات میں بھی اپنا حصہ ڈالا ہے۔ اقبال پر ان کے پانچ مضامین اقبالیات کے شعبے میں ان کی نمائندگی کرتے ہیں۔ غالب پر اپنے دو مقالوں "تجسیم: غالب کے فارسی اسلوب کی اہم خصوصیت"، اور "ذکر ایران و عجم، غالب کی فارسی شاعری کا اہم پہلو" میں نجم الرشید نے مرزا غالب کی فارسی شاعری کو موضوعِ بحث بنایا ہے۔

ان مقالات کے مختصر تجزیہ کے بعد یہ بات سامنے آتی ہے کہ نجم الرشید نے فارسی ادب کی تنقید، تاریخ، تذکرے، شاعری، شعراء، نثر نگار، عروض، اقبالیات، غالبیات جیسے اہم شعبوں کو اپنی تحقیق کا موضوع بنایا ہے۔ ان مقالات میں وہ ایک ایسے محقق کے طور پر نظر آتے ہیں جو اپنی بات پوری تحقیق و تفصیل سے کہتا ہے اور ہر بات کے لیے حوالہ اور مثال لاتا ہے۔ نجم الرشید نے مختلف تذکروں اور خطی نسخوں پر جو مقالات لکھے ہیں، وہ بہت مفصل ہیں اور یہ تفصیل محض لفاظی نہیں بلکہ تحقیق پر مبنی مواد ہے جو لکھنے والے کی کاوش، تحقیق سے لگاؤ اور بنیادی اور ثانوی مآخذات سے رجوع کا ترجمان ہے۔ برصغیر میں فارسی کی تنقیدی روایت پر ان کے مقالات خصوصی اہمیت کے حامل ہیں اور آج کے فارسی نقاد کے لیے مشعل راہ کی حیثیت رکھتے ہیں۔

## حوالے

1۔ کرن، فائزہ، کتاب شناسی استادان برجستۂ فارسی دانشگاہ پنجاب لاہور، مقالہ برائے ایم فل زبان و ادبیات فارسی، شعبۂ فارسی، (لاہور: پنجاب یونیورسٹی، 2006ء)، ص266

2۔ نجم الرشید، "نجم الرشید"، دانشنامہ ادب فارسی، جلد چہارم، ادب فارسی در شبہ قارہ، بخش سوم، (تہران: وزارت فرہنگ و ارشاد اسلامی، 2001ء)، ص2526

3۔ اقبال شاہد، محمد، "ڈاکٹر نجم الرشید"، قلندر ہر چہ گوید دیدہ گوید۔ مقالات، گفتار و دیباچہ ہا، (تہران: انتشارات اساتید دانشگاہ، 2024ء)، ص118

4۔ نجم الرشید، چشمۂ نور۔ انتخاب رباعیات فارسی، (لاہور: النور پبلی کیشنز، اردو بازار، 2014ء)

5۔ نجم الرشید، آئینۂ وصفِ جمال (انتخاب غزل فارسی از آغاز تا امروز)، (لاہور: النور پبلی کیشنز، اردو بازار، 2015ء)

6۔ نجم الرشید، شعر حافظ۔ انتخاب دیوان غزلیات حافظ شیرازی، (لاہور: النور پبلی کیشنز، اردو بازار، 2015ء)

7۔ اقبال شاہد، محمد، "ڈاکٹر نجم الرشید"، قلندر ہر چہ گوید دیدہ گوید۔ مقالات، گفتار و دیباچہ ہا، (تہران: انتشارات اساتید دانشگاہ، 2024ء)، ص119-121

8۔ نجم الرشید، "نجم الرشید"، دانشنامۂ ادب فارسی، جلد چہارم- ادب فارسی در شبہ قارہ، بخش سوم، (تہران: وزارت فرہنگ و ارشاد اسلامی، 2001ء)، ص2526

9۔ ایضاً

10۔ نجم الرشید، "سراج منیر: ماخذ مہم نقد ادبی"، مجلہ سفینہ، شمارہ7، شعبۂ فارسی، (لاہور: پنجاب یونیورسٹی، 2009ء)، صص 27-53

## Bibliography


- Iqbal Shahid, Muhammad, "Qalandar Har Che Guyad Dida Guyad", Maqalat, Guftar w Debacheh Ha, (Tehran: Intsharat e Asatid e Danishgah, 2024), P 115-121
- Kiran, Faiza, "Kitabshanasi e Ustadan e Barjasteh e Farsi e Danishgah e Punjab Lahore", Thesis for M. Phil Persian, Persian Department, (Lahore: University of the Punjab, 2006)
- Najm Ur Rashid, "Najm Ur Rashid", Danishnameh e Adab e Farsi, Vol 4: Adab e Farsi Dr Shibeh Qareh, Part Three, (Tehran: Ministery of Education, 2001), p 2526.
- Najm Ur Rashid, "Siraj e Munir: Makhaz e Muhim e Naqd e Adabi", Safeena, Research Journal, Department of Persian, (Lahore: University of the Punjab, 2009), Issue: 7, P 27-53.
- Najm Ur Rashid, Chashmeh e Noor: A Selection of Persian Rubaiat, (Lahore: Al-Noor Publications, Urdud Bazar, 2014).
- Najm Ur Rashid, Aena e Wasf e Jamal: A Selection of Persian Ghazal from Beginning to Today, (Lahore: Al-Noor Publications, Urdud Bazar, 2015).
- Najm Ur Rashid, Sher e Hafiz: A Selection of Hafiz's Poetry, (Lahore: Al-Noor Publications, Urdud Bazar, 2015).


❖❖❖